# دی ماڈل

نومبر 2023

پشاور ماڈل گرلز ہائی سکول ورسک روڈ/حیات آباد کیمپس کا ماہنامہ

مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ

معاون مدیرہ: عاصمہ بی بی (معلّمہ)، ردا وحید (دہم۔ جی)

ورسک کیمپس


























قسط نمبر 21



## ”جزیرہ نما عرب میں اسلام کی آمد“

### ہجرت نبویہؐ کا دوسرا سال:۔

### ”اِذن جہاد“

ہجرت کے دوسرے سال میں جو اہم واقعات رونما ہوئے اِن میں تحویل قبلہ (قبلے کی تبدیلی) کے بعد دوسرا ضروری حکم جہاد کا تھا۔لفظ جہاد ”جُہد“ سے نکلا ہے جس کے معنی محنت اور کوشش کے ہیں لیکن لفظ جہاد کو کبھی بھی اس کے لغوی یا لفظی معنی میں استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ ہمیشہ اصطلاحی معنی ہی سب مراد لیتے ہیں اور اصطلاحی معنی کے مطابق دین اسلام کے احکامات کو زمین پر نافذ کرنے کے لیے جو طاقت اور قوت استعمال کی جائے وہ جہاد کہلاتا ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ جہاد صرف تیر اور تلوار کے ذریعے دین کے نظام کو نافذ کرنے کا نام نہیں بلکہ اسلام تو سلامتی کا دین ہے لڑائی جھگڑے کا نہیں نیز اسلام اپنے ماننے والوں کو سلامتی، چین وسکون کے راستوں کی طرف بُلاتا ہے۔ پر اسلام کے خلاف مغرب ممالک کا ایک پروپیگنڈہ ہے کہ اس دین میں لوگوں کو زبردستی تلوار کی نوک پر داخل کیا جاتا ہے بلکہ قرآن میں واضح موجود ہے ”لا اکرہ فی الدین“ ”دین کے بارے میں کوئی جبر نہیں“ البتہ قرآن حکیم میں جو آیات جہاد کی فرضیت وفضیلت کے بارے میں نازل ہوئیں اس کی وجوہات اور اسباب مختلف ہیں جس کی بناء پر بزور شمشیر حفاظت دین کو وجوب قرار دیا۔ مقصد جہاد خونریزی نہیں بلکہ ملت و مذہب کا تحفظ کرنا ہے اور انسان کو یہ تعلیمات ازل سے ہی سکھائی گئی ہیں کہ اگر جہاد کو روک دیا جائے یا سرے سے اس کا انکار کیا جائے تو سبھی گرجے، خانقاہیں، کلیسے اور مسجدیں برباد ہو گئی ہوتیں جو اپنے زمانے میں رشد و ہدایت کا مرکز رہیں۔

پیغمبر اسلام کی ۲۳ سالہ نبوی زندگی میں کل (۸۱) غزوات و سرایا پیش آئے اور ان میں سے صرف (۲۷) غزوات میں آپؐ خود بنفس نفیس شریک ہوئے اور باقاعدہ جنگ صرف چند ہی غزوات میں پیش آئی۔

(جاری ہے۔)

شعبہ اسلامیات معلّمہ: سائرہ گل

## اداریہ!

السلام علیکم عزیز طالبات!

میعاد آخر کا آغاز ہو چکا ہے اور امید واثق ہے آپ نہ صرف نئے عزم، ولوے اور پوری یک سوئی سے تعلیم کے حصول کے لیے کوشاں ہوں گی بلکہ عنقریب سکول میں منعقد ہونے والی مختلف اہم سرگرمیوں کی بھی منتظر ہوں گی۔

9 نومبر اس عظیم شخصیت کی پیدائش کا دن ہے جس کی ترنم ریزیاں قریب المرگ قوم کے لیے صدائے قم ثابت ہوئیں جو اپنی ذات میں انجمن کی حیثیت رکھتے تھے اور اپنی خداداد صلاحیتوں سے تاریخ کا رُخ موڑ دیتے تھے وہ عہد ساز اور انسان دوست شخصیت ہیں ”علامہ محمد اقبال“

عزیز طالبات!

علامہ محمد اقبال نے اپنے دانش مندانہ اقوال اور لازوال شاعری کی بدولت نہ صرف انسان کو اس کی حقیقت و اہمیت سے روشناس کروایا بلکہ مسلمانوں کو خواب غفلت سے بیدار کیا اور خودی کے فلسفے سے آگاہ کر کے دنیا میں عزت و وقار سے جینے کا حوصلہ پیدا کیا۔

اقبال آدمیت وانسانیت کے مصور و ترجمان تھے، وہ ماضی میں آئے، حال میں باتیں کیں اور مستقبل کا آئینہ دکھا گئے۔

اقبال کی شاعر خودی، پرامیدی، تصوف اور تسخیر کائنات کے عظیم پیغام کا مجموعہ ہے اور یہ پیغام طلبا وطالبات کے لیے کامیابی کا راستہ ہے۔

مجھے ڈرا نہیں سکتی فضا کی تاریکی　　مری سرشت میں ہے بے باکی و درخشانی

تو اے مسافر شب خود چراغ بن اپنا　　کر اپنی رات کو داغ جگر سے نورانی

اس اہم دن کی مناسبت سے اقبال کے کلام کے کچھ حصے کا مطالعہ کریں اُسے سمجھیں اور اپنی عملی زندگی میں اس پیغام کو ڈھالنے کی کوشش کریں کہ اس طرح ہی شاعر مشرق سے عقیدت کا اظہار ہو سکے گا۔

خیر اندیش

مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ

## ”ضرب المثل کی کہانی“

### ضرب المثل: آدھی بوڑھی، آدھی جوان

**مطلب:** دوطرفہ بات کرنا

**کہانی:۔**

ایک برہمن غریبی سے پریشان ہو کر اپنی گائے کو فروخت کرنے کے لیے بازار لے گیا مگر جب کئی روز تک لگاتار بازار لے جانے کے باوجود بھی اس کی گائے فروخت نہ ہو سکی تو اس کے ایک دوست نے پوچھا” آپ روزانہ گائے کو کہاں لے کر جاتے ہیں؟

پنڈت جی نے سارا قصہ سنایا۔ اس شخص کے مزید پوچھنے پر پنڈت جی نے بتایا کہ وہ اس گائے کی عمر اس کی حقیقی عمر سے زیادہ بتاتے ہیں کیوں کہ ان کا خیال ہے کہ جس طرح آدمی کی عمر زیادہ ہونے سے وہ زیادہ عقل مند، دانا اور تجربہ کار ہو جاتا ہے اسی طرح گائے کی عمر زیادہ بتانے سے اس کی قیمت زیادہ ملے گی۔ پنڈت جی کے دوست نے تمام باتیں سن کر کہا:

”جانور کی عمر بڑھنے سے اس کی قیمت کم ہو جاتی ہے اس لیے تم اس گائے کی عمر کم بتا کر فروخت کر آؤ“

پنڈت جی اس گائے کو لے کر پھر بازار گئے اور راستہ بھر سوچتے رہے کہ میں کئی بار اس گائے کی عمر کو زیادہ بتا چکا ہوں۔ اب اگر اس کی عمر کم بتاؤں گا تو لوگ کیا کہیں گے؟ کافی غور و فکر کے بعد وہ بظاہر اس عجیب و غریب نتیجہ پر پہنچا کہ اب تو اس کی عمر نہ ہی زیادہ بتاؤں گا اور نہ ہی کم اگر خریدار اس کی عمر پوچھے گا تو کہہ دوں گا کہ آدھی بوڑھی ہے آدھی جوان۔

سیدہ عریشہ (اولیول III) (ورسک روڈ کیمپس)



Teachers Day Celebration
Hayatabad Campus



1st Morning Assembly
Presentation by Students
of Play, Nur and Prep
Hayatabad campus



Mehfil-e-Milad
Hayatabad Campus



Stencil Activity
Hayatabad Campus


نومبر
2023

# دی ماڈل

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD / HAYATABAD CAMPUS

## "علامہ محمد اقبال سے منسوب غلط اشعار"

علامہ اقبال کے نام سے بہت سے ایسے اشعار گردش کرتے ہیں جن کا علامہ اقبال کے انداز فکر اور انداز سخن سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ علامہ اقبال کی تمام شاعری کلیات اقبال (بانگ درا، بال جبریل، ارمغان حجاز، ضرب کلیم) میں ہی موجود ہے۔ کلام اقبال اور پیام اقبال سے محبت کا تقاضا ہے اور اقبال کا حق ہے کہ ہم ایسے اشعار کو ہرگز علامہ اقبال سے منسوب نہ کریں جو اقبال نے نہیں کہے ان تمام اشعار کی حقیقت معلوم ہونے کے بعد بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ ہم اپنے قومی شاعر کے ساتھ کس قدر ظلم کر رہے ہیں جو اصل پیام اقبال ہے وہ کتاب کے اوراق میں کہیں چھپ کر رہ گیا ہے



۱) پہلی قسم ایسے اشعار کی ہے جو ہیں تو معیاری اور کسی اچھے شاعر کے مگر انہیں غلطی سے اقبال سے منسوب کر دیا گیا۔ اکثر یہ اشعار تقاریر اور مذاکروں میں پڑھے جاتے ہیں۔

تندیِ بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب
یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے (سید صادق حسین)

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو جس کو خیال آپ اپنی حالت کے بدلنے کا (ظفر علی خان)

قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے
اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد (مولانا محمد علی جوہر)

کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرت انسان پر
فعل بد خود ہی کریں لعنت کریں شیطان پر (انشا اللہ خان انشا)

۲) دوسری قسم ایسے اشعار کی ہے جو ہیں تو وزن میں مگر الفاظ کے چناؤ کے لحاظ سے علامہ اقبال کے معیار اسلوب کے قریب نہیں ہیں

عشق قاتل سے بھی مقتول سے یارانہ بھی
یہ بتا کس سے محبت کی جزا مانگے گا

تیری رحمتوں پر ہے منحصر میرے ہر عمل کی قبولیت
نہ مجھے سلیقہ التجا نہ مجھے شعور نماز ہے

شکوہ عشق نہیں جرات گفتار نہیں
میرے ہاتھوں میں کوئی جبر کی تلوار نہیں

۳) تیسری قسم ایسے من گھڑت اشعار کی ہے جو خواہ مخواہ اقبال سے منسوب کر دیے گئے ہیں

اللہ سے کرے دور تو تعلیم بھی فتنہ
املاک بھی اولاد بھی جاگیر بھی فتنہ

کہہ دو غم حسین منانے والوں کو
ہم کبھی شہدا کا ماتم نہیں کرتے

پوچھتے کیا ہو مذہب اقبال
یہ گنہگار بوترابی ہے

۴) یہ گروپ اے اقبال! قسم کے اشعار کا ہے جن میں عموماً انتہائی بے وزن اور بے تکی باتوں پر انتہائی ڈھٹائی سے اقبال یا اے اقبال وغیرہ لگا کر یا اس کے بغیر علامہ اقبال کا نام سے منسوب کر دیا جاتا ہے یہ کسی لحاظ سے بھی معیاری شعر نہیں ہوتے۔

میں فقیروں سے بھی کرتا ہوں تجارت اکثر
جو ایک پیسے میں لاکھوں کی دعا دیتے ہیں

نہ مروت، نہ محبت، نہ خلوص ہے اقبال
میں تو شرمندہ ہوں اس دور کا انسان ہو کر

دل میں خدا کا ہونا لازم ہے اقبال
مسجدوں میں پڑے رہنے سے خدا نہیں ملتا

تیری مسجدیں کہیں تجھے کافر نہ کر دیں اقبال
تو جھکتا کہیں اور ہے اور سوچتا کہیں اور ہے

گونگی ہو گئی آج زباں کچھ کہتے کہتے
ہچکچا گیا میں خود کو مسلمان کہتے کہتے

لکھنا نہیں آتا تو میری جان پڑھا کر
ہو جائے گی تیری مشکل آسان پڑھا کر

۵) اس قسم میں وہ اشعار ہیں جن کے ساتھ کچھ غلط واقعات بھی منسوب ہیں ایک واقعہ میں کہا جاتا ہے کہ ایک شعر کی وجہ سے علامہ اقبال کو جیل میں ڈالا گیا جس کا حقیقت سے دور تک واسطہ نہیں۔

توحید ہستی ہم ہیں سارا جہاں ہمارا
ہم کافروں کے کافر، کافر خدا ہمارا

ایک واقعہ میں کہا جاتا ہے کہ علامہ اقبال ایک لڑکی کو دیکھ کر مسکرائے تھے اور اس نے وجہ دریافت کی تو علامہ اقبال نے یہ شعر پڑھا یہ سب کچھ غلط اور انتہائی افسوس ناک ہے۔

نہ تمہیں نہ تمہارا حسن دیکھتا ہوں
میں تو تجھے بنانے والے کا ہنر دیکھتا ہوں

عزیز طالبات! آپ سے گزارش ہے کہ اقبال کی شاعری کے حوالے سے ان کی تحریر کردہ کتب سے استفادہ کریں اور گوگل، فیس بکس وغیرہ کی غیر مصدقہ معلومات سے اجتناب برتیں۔ شکریہ

مدیرہ: سدرۃ المنتہیٰ


## "خوشی"



انسانی زندگی مشکلات سے بھری پڑی ہے۔ یہاں خوشیاں کم اور مصیبتیں زیادہ ہیں۔ خوشی اور سکون حاصل کرنے کے لیے انسان دن رات مشین کی طرح کام کرتا ہے تب کہیں جا کر ذرا سی خوشی نصیب ہوتی ہے۔ خوشیاں زندگی کا وہ حصہ ہیں جس کے بغیر زندگی بے مزہ ہو کر رہ جاتی ہے اور اس خوشی کو حاصل کرنے کے لیے انسان مال و دولت کی تلاش میں اپنا چین اور سکون کھو دیتا ہے۔ انسان پیسوں کے ذریعے وقت کو خوشگوار بنانے کے لیے اکثر مصنوعی اور عارضی طریقے اپناتا ہے لیکن یہ وقتی خوشی اسے سکون نہیں دیتی۔ انسان کو سب سے زیادہ خوشی اس وقت حاصل ہوتی ہے جب اس کی مرضی کے مطابق کوئی کام مل جائے جو کم خرچ ہو اور اس سے ملنے والا فائدہ بھی زیادہ ہو لیکن ایسا اسی صورت میں ممکن ہے جب آپ کسی طرح اپنی سوچ میں تبدیلی لائیں اور قدرت کے کھلائے ہوئے پھولوں، چہچہاتے پرندوں اور درختوں کی صحبت میں اپنا وقت گزاریں، باغبانی کریں پالتو پرندے پالیں، مصوری کریں، کتابوں کا مطالعہ کریں اور کھوئی ہوئی خوشیاں حاصل کریں۔

ملائکہ بتول (ہفتم۔سی) ورسک روڈ کیمپس

## رسولؐ کے معجزات
## چاند کا دو ٹکڑے ہونا



رسول کریمؐ نے معجزہ شق القمر ہجرت سے قبل دکھایا۔ مکہ مکرمہ میں مشرکین کی جماعت آپؐ کے پاس آئی اور کہنے لگی۔ اے رسولؐ آپ نبوت کے دعویٰ میں صادق ہیں اور رسالت کے دعویٰ میں صادق ہیں اور رسالت کے دعویٰ میں حق پر ہیں۔ تو چاند کو آسمان پر دو ٹکڑے کر کے دکھائیں۔ آپؐ نے فرمایا کہ اگر میں نے اس طرح کر لیا تو آپ لوگ ایمان قبول کر لو گے؟ وہ کہنے لگے، ہاں چنانچہ حضورؐ نے اپنے دست مبارک کی انگشت شہادت سے چاند کی طرف اشارہ فرمایا اور چاند دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو گیا۔ نصف آسمان پر نظر آتا رہا اور نصف پہاڑ کی دوسری اوٹ میں چلا گیا۔ مگر اس کے بعد بھی مشرکین نے ایمان قبول نہیں کیا اور کہنے لگے کہ رسولؐ نے چاند پر بھی جادو کر دیا۔ چاند کے دو ٹکڑے ہو جانے کے بارے میں قرآن مجید میں آتا ہے۔ "پس قیامت آئی نزدیک اور شق ہو گیا چاند اور اگر دیکھیں کوئی معجزہ تو (کفار) منہ پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں یہ جادو ہے چلا آتا"

ماہ نور نوید (دہم۔آر) حیات آباد کیمپس

## دلچسپ حقائق

۱) پانچ چیزوں کو پانچ سے قبل غنیمت سمجھو، زندگی کو موت سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، فراغت کو مشغولیت سے پہلے، جوانی کو بڑھاپے سے پہلے اور مالداری کو فقیری سے پہلے

۲) پریشانی خاموش رہنے سے کم، صبر کرنے سے ختم اور شکر کرنے سے خوشی میں بدل جاتی ہے۔

۳) ناکام ہونا ناکامی نہیں ہے، ناکامی سے لاعلم رہنا اصل ناکامی ہے نقصان ہو جانا نقصان نہیں ہے اس بات سے بے خبر ہونا کہ آپ نقصان میں ہیں اصل نقصان اور ناکامی ہے۔

ایمان کنول (دہم آر) حیات آباد کیمپس

## الفاظ

"الفاظ" کی اپنی ہی ایک دنیا ہوتی ہے۔ ہر "لفظ" اپنی ذمہ داری نبھاتا ہے کچھ لفظ "حکومت" کرتے ہیں، کچھ "غلامی" کچھ لفظ "حفاظت" کرتے ہیں اور کچھ "وار" ہر لفظ کا اپنا ایک مکمل وجود ہوتا ہے۔ لفظ صرف معنی نہیں رکھتے یہ تو "دانت" رکھتے ہیں جو "کاٹ" لیتے ہیں۔ یہ ہاتھ رکھتے ہیں جو "گریبان" کو "چاک" کر دیتے ہیں، یہ "پاؤں" رکھتے ہیں جو "ٹھوکر" لگا دیتے ہیں۔

اور ان لفظوں کے ہاتھوں میں "لہجہ" کا اسلحہ تھما دیا جائے تو یہ وجود کو "چھلنی" کرنے پر بھی قدرت رکھتے ہیں۔ اپنے لفظوں کے بارے میں "محتاط" ہو جاؤ انہیں ادا کرنے سے پہلے سوچ لو کہ یہ کسی کے "وجود" کو سمیٹیں گے یا کرچی کرچی بکھیر دیں گے کیونکہ یہ تمہاری زبان کے غلام ہیں اور تم ان کے بادشاہ اور بادشاہ اپنی رعایا کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اپنے سے بڑے بادشاہ کو جواب دہ بھی!!

ایمن (ہشتم۔بی) ورسک روڈ کیمپس

## قہقہوں کا طوفان

۱) باپ: بیٹا وہ لڈو کہاں ہیں جو میں نے صبح آپ کو دیے تھے؟
بیٹا: وہ تو میں نے کھا لیے ہیں، کیوں کہ آپ نے کہا تھا آج کا کام کل پر مت چھوڑنا

۲) ایک بار ایک بچے کے ہاتھ اپنے والد کی جوانی کی تصویر لگ گئی۔ اُس نے وہ تصویر اپنی ماں کو دکھائی اور پوچھا: "امی! یہ کون ہیں؟
ماں نے جواب دیا" بیٹے تمہارے ابو ہیں"
بچے نے حیرانی سے کہا" تو پھر وہ صحت مند سا گنجا آدمی کون ہے جو ہمارے گھر میں رہتا ہے

۳) بس وہ چار لوگ مل جائیں قسم سے گولی مار دینی ہے جن کے بارے میں امی کہتی ہے چار لوگ دیکھیں گے تو کیا کہیں گے۔

۴) باہر ملکوں میں جب کوئی لڑکی ہوشیار ہوتی ہے اسے جینئیس کہتے ہیں اور ہمارے ملک میں جب کوئی لڑکی ہوشیار ہوتی ہے تو کہتے ہیں ہائے ہائے قینچی کی طرح زبان چلتی ہے اس کی

دُر زہرہ (ہفتم۔سی) ورسک روڈ کیمپس

## لمحہ فکریہ!

چودہ سو سال پہلے عورت جاہلیت کی اندھیری کھائیوں میں ذلیل کی جارہی تھی۔ پھر حضرت آمنہؓ کے چاند خاتم النبینؐ نے آسمان نبوت کو نور نبوت و رسالت سے روشن فرمایا اور عورت کو اسلام کا نور عطا کیا اور اسے پاکیزگی و احترام بخشا۔ آج بھی عورت مغربی جاہلیت کی اندھیری کھائیوں میں ذلیل ہو رہی ہے۔ اسلام کا نور اس کو روشن کرنا چاہتا ہے۔ مگر آج عورت خود روشن ہونا نہیں چاہتی۔ چودہ سو سال پہلے عورت سمجھ گئی تھی میرے لیے اسلام کے دامن میں ہی حقیقی پناہ موجود ہے مگر آج کی عورت یہ ماننے کو تیار نہیں۔ حیرت اس بات کی ہے کہ چودہ سو سال پہلے عورت کفر سے نکل کر دین کی جانب آئی تھی۔ اور آج عورت خود دین سے نکل کر کفر کی جانب بھاگی جارہی ہے۔
یہ آج کی مسلمان عورت کے لیے لمحہ فکریہ ہے۔

ثنا جاوید (دہم۔جی) ورسک روڈ کیمپس

## انمل اقوال

- جو ایک بار پیچھے ہٹا وہ پھر آگے نہیں بڑھے گا۔
- اچھا عمل یہ ہے کہ آج کا کام کل پر مت چھوڑا جائے
- جس شخص سے تمہارا دل نفرت کرے اس سے بچو
- کسی کے اخلاق پر اعتماد نہ کرو تاوقتیکہ اسے غصے
- کی حالت میں نہ دیکھ لو۔
- عزت دنیا مال سے ہے
- اور عزت آخرت اعمال سے ہے
- انسان کی نصیحت کے لیے موت کافی ہے۔
- زیادہ ہنسنا موت سے غفلت کی نشانی ہے۔
- اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہتر کھانا وہ ہے
- جسے سب لوگ مل کر کھائیں۔

صبیحہ مراد (ہشتم۔جی) ورسک روڈ کیمپس

## بس اتنا یاد رکھنا کہ

ویسے کم بدلتے ہیں
مگر جب ہم بدلتے ہیں
تو پھر پیہم بدلتے ہیں
اگر تم یہ سمجھتے ہو
تمہارا غم زیادہ ہے
تو اب کی بار ہم آپس میں
اپنے غم بدلتے ہیں
چلو اب مل کر-----
ہجر و حبس کا موسم بدلتے ہیں
ذرا سا تم بدل جاؤ
ذرا سا ہم بدلتے ہیں

عروبہ خالد (ہشتم۔جی) ورسک روڈ کیمپس

## جذبہ قوم بنظر اقبال

- ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
- بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا
- تو کبھی اس قوم کی تہذیب کا گہوارہ تھا
- حسن عالم سوز جس کا آتش نظارہ تھا
- راز حیات پوچھ لے خضر خجستہ گام سے
- زندہ ہر ایک چیز ہے کوشش ناتمام سے
- ملت کے ساتھ رابطہ اُستوار رکھ
- پیوستہ رہ شجر سے اُمید بہار رکھ
- ہاتھ ہے اللہ کا بندہ مومن کا ہاتھ
- غالب و کار آفریں، کارکشا و کارساز
- کھول دے گا دست وحشت عقدۂ تقدیر کو
- توڑ کر پہنچوں گا میں پنجاب کی زنجیر کو

عزلینا (نہم۔ڈی) ورسک روڈ کیمپس

## فن پارے



وردہ (اولیول۔ون) جیسمین
ورسک روڈ کیمپس



اُمامہ نوید (پنجم۔آر)
حیات آباد کیمپس




سارہ سیف (ہفتم۔سی)
ورسک روڈ کیمپس



نجمہ آفریدی (ہفتم۔اے)
ورسک روڈ کیمپس




دعا شیر (ششم۔زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس



رحاب ہمایوں (پنجم۔زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس




عیشہ خان (ششم۔ایچ)
حیات آباد کیمپس



حلیمہ (نہم۔زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس



حمائل عمران (ششم۔زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس



سیدہ رامین علی (پنجم۔زیڈ)
ورسک روڈ کیمپس


# THE MODEL

## MONTHLY NEWSLETTER OF

**PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL WARSAK ROAD / HAYATABAD CAMPUS**


**November 2023**


Editor: Rabia Ajmal
Co-Editor: Zubia Salah uddin, Asna Syed (O-III)
Warsak Road, Campus



BOYS -I


BOYS -II


BOYS -III


BOYS -IV


BOYS -V


HAYATABAD BOYS CAMPUS


GIRLS -I


GIRLS -II







**Teachers Day Celebration**
**Warsak Road, Peshawar**








**Self Care Activities**
**Warsak Road, Peshawar**








**Mental Health Day Observation by O-Level Students**
**Warsak Road, Campus**

## EDITORIAL

Hello Folks, hoping you all in a bright and cheerful mood as all would be gearing up for winters. Even though every day is, or at least should be, a day to nurture and celebrate children, Universal Children's Day is celebrated as a special day around the world on 20th November. Children's Day is a special occasion celebrated worldwide to recognize and honor the rights and well-being of children. It is a day dedicated to promoting their welfare, development, and happiness. Children's Day holds immense significance as it serves as a reminder to society about the rights and needs of children. It is a day when their voices are amplified, and their rights are acknowledged. Celebrating Children's Day helps in creating awareness about child welfare and ensuring that children are treated with dignity and respect. By celebrating this day, we not only create awareness about child welfare but also provide children with opportunities for growth, learning, and self-expression. The various activities and events organized on Children's Day contribute to the overall development of children, fostering their creativity, confidence, and social skills. Moreover, the traditions and celebrations associated with this day create a joyful and inclusive environment where children feel loved and valued. This day serves as a reminder of the importance of honoring and celebrating children, who are the future of our society. Celebrating Children's Day is crucial as it highlights the significance of children's rights and well-being. It provides an opportunity to raise awareness about the challenges and issues faced by children, such as poverty. education, healthcare, and protection from violence and exploitation. Moreover, it serves as a reminder to governments, policymakers, and society at large to prioritize the needs and rights of children in their decision-making processes. Success is the sum of small efforts, repeated day in and day out. So, wishing you all the best on your upcoming Midterm/1st Term exam result, 23. A good beginning makes a big difference... Make sure you begin this final term with new hopes and positive mindset to make it brighter chapter in your school's life full of knowledge and learning... Best wishes as you are all set to begin your final term in school.... All the best!!!

## SPORTS GALA







Peshawar Model Girls High School 5 Dalazak Road was a grand event, with participation from all the campuses, including Peshawar Model Girls High School Warsak Road. It was a day filled with excitement and camaraderie as students showcased their athletic talents. Peshawar Model Girls High School, Warsak Road got the top position in volleyball, and secured the second Position in the "short race" and in the "toss the ball". Every campus showed their enthusiasm and won trophies. Winning is not only victory but losing a game is also courage.

## Click, Shop and Thrive

In this modern era, shopping has not only become a trend, but also a necessity of many whether if it's an online or instore. In todays fast paced world, where convenience is more important, shopping experiences have made a big jump into the digital world hence, saying goodbye to long ques and crowded walkways, and welcoming the era of click, shop, and thrive. With a deep appreciation, for advantages it offers I whole heartedly support online shopping. People who are in favour of instore shopping claim that in-store Shopping provide jobs to locals thus, boosting up the local economy. Indeed, instore shopping does create employment opportunities which includes positions like cashiers, salesmen, and store managers which can help them financially However, such jobs offer low salaries thus, making it challenging for workers to even meet their basic needs, particularly in areas with high cost of living. Moreover, it is said that instore shopping doesn't involve machinery that is run by fossils. Hence, reducing carbon emissions. On the other hand, emissions from vehicles used to travel to physical stores contribute to pollution. This is especially true when folks use rickshaws and cars powered by fossils. Unlike, traditional instore shopping, online shopping brings bundle of perks to your doorstep! Deliveries in just a day or two, and the best part? No need to step into stores! So, what else do you need? Plus, there's the fantastic return and exchange policy. And, guess what? Online shops don't sweat over rent or electric bills Thanks to their smart warehouses! So, let's toast to the future of shopping, where a few clicks replace thousand trips.

**Samavia Iqbal O-Level-II**

## Value Your Time



* Time is the one thing that cannot be taken back until it has gone.
* We sometimes get involed in pointless activities but neglect.
* Time is always wasted and we need to think twice before wasting it.
* If people have less time they seek to complete activities that readily sacrifice performance.
* Productive people often respect the time and display a sense of punctuality in their existence.
* We must pioritize our tasks and finish the critical job first then move to the next one.

**Aayema Shahid (VI-Z)**
**Hayatabad Campus**

PESHAWAR MODEL GIRLS HIGH SCHOOL
WARSAK ROAD / HAYATABAD CAMPUS
THE MODEL
November 2023



# The Invention of Basketball



In December 1981, Dr. James Naismith, a physical education instructor at the YMCA school invented basketball. He wanted to create an indoor game that would keep his students active during the winter months. Drawing inspirations from different sports, Naismith demised a set of thirteen basic rules and hung them on a bulletin board in the gymnasium. Using a soccer ball and two peach baskets as goals, the first basketball game was played on December 21st, 1981. The game gained popularity quickly, and over time, the peach baskets were replaced with nets, and the rules were refined. Basketball became an olympic sport in 1936

Syeda Arisha O Level III (Juliya)

# Facts You Don't Know

1) The longest movie till this day is "The cure for insomnia" which is about 87 hrs long.
2) Scorpio is a creature which can live under water holding their breath for 6 days.
3) Elephant sleeps at least 4 hrs a day while standing.
4) Earth is 4.5 billion years old.
5) Only 3% of water is drinkable on earth other 97% is very salty.
6) Earth is the 5th largest planet.
7) There is an island shaped like a fingerprint named " Baljenac Island"
8) Bread is the most sold item in food.
9) Dong Tao is a chicken with the fattest feet.
10) Microsoft office is the silent place in the world
(In which you can hear your heart beat).

Alaaina Murad (VII-Z) Hayatabad Campus

# BENEFITS OF READING BOOK



1) Reading increases cognitive powers.
2) Builds vocabulary.
3) Provides entertainment
4) Reduce stress and alleviates depression.
5) Helps you sleep better.
6) Makes you more empathetic.
7) Improves memory.
8) Gives different perspective to life.
9) Improves focus and concentrations.

Javeria Ali Khan (10th A)

# WORD SEARCH

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| C | G | O | A | T | X | U | H |
| H | R | A | B | B | I | T | O |
| I | T | J | L | S | P | B | R |
| C | U | D | J | H | V | U | S |
| K | R | Z | Y | E | C | J | E |
| E | K | C | N | E | P | I | G |
| N | E | Z | K | P | C | O | W |
| Y | Y | D | O | N | K | E | Y |

Chicken, Cow, Pig, Rabbit, Sheep, Goat, Donkey, Turkey, Horse

Syeda Umaima VI-R
Hayatabad Campus

# Riddles

1) What is half of two plus two?
Ans) Three
2) People buy me to eat, but never eat me What am I
Ans) Plate
3) What five letter word becomes shorter when you add two letters to it?
Ans) Short
4) You see me once in June, twice in November, and not at all in May.
Ans) The letter "e".
5) I shoot but never kill What am I?
Ans) A Camera
6) I am a delicious way of representing data? What am I
Ans) Pie Chart
7) I get smaller every time I take a bath what am I
Ans) A Bar of Soap

Faryal Zahir (VII-S)

# Nature's Secret World



- A grass snake pretends to be dead to make the predators give up the chase.
- In bright sunlight, owls try to find a dark place. They close down the tris to a tiny opening. At night, they can open the tris wide to make use of every bit of light available.
- Amphibians were fish. Over the years, fish began to drag themselves out of the water and on dry land to evolve into great diversity of four-limbed vertebrates

Saba Khan (10th-R)
Hayatabad Campus

# FUNNY JOKES





1) An old man had hair on his head. He went to a barber shop. Barber was angry and asked shall I cut or count ? old man smiled and said colour it.
2) Father: Hey why don't you study Son: for what? Father! you will get good marks. Son: then? Father: you will get good salary. Son. then? Father: you will get new car. Son: Then? Father: You will relax... Son: what do think I am doing right now??? you
3) Teacher: Why are you late today? student: Because of sign down the road. Teacher: what does a sign have to do with you being late. Student: The Sign said "School Ahead, Go slow!"

Maryam Haider (VII-Z)
Hayatabad Campus

# Whales Explosion



Do you know that sometimes a whale explodes? This phenomenon is known as whales explosion. A whale explosion is a rare event that occurs when a deceased whales body undergoes rapid decomposition, resulting in sudden release of gases and internal organs. It produces several gases such as "Methane and Hydrogen. If the gases are not adequately released it can cause a explosion. This explosion is dangerous because they are unpredictable and hazardous.

Syeda Sara Hassan (VI-M)



# Facts about Space, our Solar System and Universe.

i: The moon is lemon shaped.
ii: Milky way smells raspberries and booze.
iii: On Mercury, a day is twice as long as a year.
iv: 1 tsp of neutron star weighs the same as the human population.
v: You can survive for a couple of minutes in a leaky spacesuit.
vi: Black hole shave theoretical opposites known as white holes.
vii: Venus spins backwards.
viii: Uranus is the coldest planet in the solar system.

Faryal Zahir VIII-S